Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

18 مئی، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

پچھلے ہفتے نیویارک شہر اور دیگر جگہوں پر بچوں میں ظاہر ہونے والی ایک نئی صحت سے متعلقہ صورتِ حال کے بارے میں آپکو بھیجے جانے والے ہمارے خط کے مابعد کے بطور، ذیل میں محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت (نیویارک شہر صحت) کی جانب سے حقائق کی فہرست کا لنک ہے جو اضافی معلومات فراہم کرتا ہے۔

نیویارک شہر صحت کے مطابق، اس بیماری کو نیا نام بچوں میں کثیرالنظام سوزش سنڈروم (MIS-C) دیا گیا ہے—سابقہ پیڈیاٹرک ملٹی انفلیمیٹری سنڈروم (PMIS)۔ یہ صورتِ حال غیرمعمولی ہے اور ممکنہ طور پر زندگی کو خطرہ ہوسکتا ہے، اس لیے یہ اہم ہے کہ آپ اس کے آثار و علامات سے واقف ہوں۔

نیویارک شہر صحت کی Fact Sheet (حقائق کی فہرست) (صرف انگریزی میں) اس سنڈورم، اسکی علامات، کب طبی امداد حاصل کریں، علاج، اور بچاو کے اقدامات کے بارے میں نئی معلومات فراہم کرتی ہے۔ کیونکہ MIS-C COVID-19 سے وابستہ ہے، اپنے بچے کوCOVID-19 کا سامنا کرنے سے بچانا اب بھی بہت اہم ہے۔

بطور یاددہانی، خاندانوں کو اپنے بچوں کی ذیل کے اقدامات کی پیروی کرنے کی اہمیت کو سمجھنے میں مدد کرنی چاہیئے اور یقینی بنائیں کہ ان کے بچے انکی پیروی کریں:

- نیویارک ریاست کے ایکزیکٹو آرڈر202.17 کے مطابق، **2 سال سے اوپر کی عمر کے تمام افراد جو طبی طور پر چہرے کو ڈھانپنا برداشت کرسکتے ہیں انہیں ایسا کرنا چاہیئے جب وہ اپنے گھروں سے باہرہوں** اور دوسروں سے جسمانی فاصلہ ممکن نہ ہو۔ پانچوں بروز میں DOE کے مِیل ہبس میں چہرے کے ماسک مفت دستیاب ہیں—آپ اپنے نزدیک ایک DOE کی ویب سائٹ پر تلاش کرسکتے ہیں۔
- جسمانی فاصلہ اور اچھی حفظانِ صحت ابھی بھی اہم ہیں، چاہے چہرے کو ڈھانپا ہوا کیوں نہ ہو۔
- جب گھر سے باہر ہوں، بالغان اور بچوں کو جب بھی ممکن ہو اپنے اور دیگر افراد کے درمیان **کم از کم 6 فیٹ کا فاصلہ رکھنا لازمی ہے۔**
- والدین کو بچوں کو اچھی حفظانِ صحت کی اہمیت کے بارے میں یاددہانی کرانی چاہیئے اور یہ یقینی بنانا چاہیئے کہ بچے اکثر اپنے ہاتھ دھوتے رہیں۔

ہماری برادریوں میں صحت اور حفاظت ہماری اولین ترجیح رہے گی اور ہم تمام راہنمائی کی پیروی کریں گے اور اپنے طلبا، اہل خانہ اور عملے کے اراکین کو محفوظ رکھنے کے لیے تمام موزوں اقدامات اٹھائیں گے۔ براہِ مہربانی MIS-C کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے کسی بھی وقت nyc.gov/health پر جائیں اور کسی بھی سوالات کے لیے 311 سے بلاجھجک رابطہ کریں۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم